26-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 61 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

2 پارلیمانی چناؤ کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے انتخابی مہم عروج پر ہے۔

3 سمندری طوفان Remal تقریباً آج آدھی رات تک مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحلوں تک پہنچ جائے گا۔

4 گجرات میں کَل شام راج کوٹ کے تفریح گاہ پارک میں بھیانک آگ لگنے سے 26 افراد ہلاک ہوگئے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس حادثہ میں ہوئے جانی نقصان پر گہرے رنج و غم اور دکھ کا اظہار کیاہے۔

5 فلم ساز پائل Kapadia اپنی فلم All We Imagine as Light کے لیے Cannas فلم فیسٹیول میں گراں پری ایوارڈ جیتنے والی پہلی بھارتی فلم ساز بن گئی ہیں۔

6 بھارت کی سمرن شرما نے جاپان کے Kobe میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

7 اور آئی پی ایل کرکٹ میں، آج شام چنئی میں فائنل مقابلے میں سنزرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

LS Polls Update

لوک سبھا کے جاری انتخابات کے چھٹے مرحلے میں کل رات ساڑھے 11بجے تک 61 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے اپنے حقِ رائے کا استعمال کیا، جو ایک ریکارڈ ہے۔6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں محیط 58 پارلیمانی حلقوں میں کل پولنگ پرامن رہی۔ اس مرحلے میں اترپردیش میں 14 سیٹوں پر چنائو ہوئے جبکہ ہریانہ میں سبھی 10 سیٹوں پر ووٹ ڈالے گئے اور بہار اور مغربی بنگال میں آٹھ۔آٹھ سیٹوں پر پولنگ ہوئی۔ دلی میں سبھی 7 سیٹوں پر ووٹ ڈالے گئے۔ اوڈیشہ میں 6 سیٹوں پر، جھارکھنڈمیں چار سیٹوں پر اور جموں و کشمیر میں ایک پارلیمانی حلقے میں ووٹ ڈالے گئے۔

جموں و کشمیر میں اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں 54 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی جہاں گذشتہ 35 سالوں میں سب سے زیادہ رائے دہندگان نے ووٹ ڈالے۔

بہار میں 55 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے ووٹ ڈالے جبکہ ہریانہ میں تقریباً 60 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ جھارکھنڈ میں 64 فیصد سے زیادہ اور دلی میں تقریباً 58 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

اوڈیشہ میں 69 فیصد سے زیادہ ووٹروں نے حق رائے دہی کا استعمال کیا جبکہ اترپردیش میں 54 فیصد اور مغربی بنگال میں اُناسی فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔

اس مرحلے میں کُل 889 امیدوار چنائو میدان میں تھے۔ جن اہم امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں میں بند ہے ان میں BJPکے سینئر لیڈر دھرمندر پردھان، مینیکا گاندھی، منوہر لال کٹھر، منوج تیواری اور کانگریس لیڈر دیپیندر سنگھ Hooda، کماری سیلجا، راج ببر اور کنہیا کہار شامل ہیں۔

سماجواری پارٹی کے لیڈر دھرمیندر یادو اور PDP کے چیف محبوبہ مفتی بھی چنائو میدان میں ہیں۔

ساتھ ہی ساتھ تیسرے مرحلے میں اوڈیشہ اسمبلی کی 42 سیٹوں کے لیے کل ووٹ ڈالے گئے جس میں رات ساڑھے گیارہ بجے تک 70 فیصد سے زیادہ پولنگ ہوئی۔

سبھی مرحلوں کے لیے ووٹوں کی گنتی چار جون کو   کی جائے گی۔

EC

انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے پانچ مرحلوں میں ہوئی ووٹنگ کے اعداد و شمار جاری کردئے ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ رائے دہی سے متعلق اعاد و شمار ہمیشہ سے امیدواروں کے پاس دستیاب ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق ملک میں ہورہے لوک سبھا انتخابات کے پانچ مرحلوں کے دوران مجموعی طور پر 50 کروڑ 72 لاکھ سے زیادہ افراد نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

کمیشن نے مزید بتایا کہ پہلے مرحلے میں 11 کروڑ 52 لاکھ سے زیادہ، دوسرے مرحلے میں 10 کروڑ 58 لاکھ سے زیادہ، تیسرے مرحلے میں 11 کروڑ 32 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے ووٹ ڈالے۔ جبکہ چوتھے مرحلے میں 12 کروڑ 24 لاکھ سے زیادہ اور پانچویں مرحلے مرحلے میں 5 کروڑ 57 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے ووٹنگ کی۔

اپنے بیان میں انتخابی کمیشن نے واضح کیا کہ ووٹنگ کے اعداد و شمار جاری کرنے میں کوئی تاخیر نہیں ہوئی ہے اور یہ ووٹنگ کے دن صبح ساڑھے نو بجے سے ہی ووٹر ٹرن آؤٹ ایپ پر دستیاب رہا۔×

Campaigning

بہار میں لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ NDA اور عظیم اتحاد کے لیڈروں کے علاوہ دیگر پارٹیاں ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہی ہیں تاکہ ووٹروں کو راغب کیا جا سکے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ NDA کے امیدواروں کی حمایت میں آج دو عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ Karakat اور ساسارام پارلیمانی حلقوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

BJP کے صدر جے پی نڈّا بھی آج جہان آباد اور Arrah اور نالندہ لوک سبھا حلقوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

JDU کے صدر اور وزیراعلیٰ نتیش کمار LJP رام ولاس پاسوان اور NDA کے دیگر لیڈران بھی پارٹی امیدواروں کے حق میں چنائو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

عظیم اتحاد کانگریس، اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے عظیم اتحاد کے لیڈران بھی آج انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

RJDلیڈر تیجسوی پرساد یاد اور وکاس شیل انسان پارٹی کے چیف مکیش سا ہنی بھی RJD، CPIM امیدواروں کی حمایت میں بکسر،نالندہ، Arrah اور پاٹلی پتر حلقوں میں عوامی میٹنگیں گے ۔

پنجاب میں عام آدمی پارٹی کے لیڈر اروند کیجریوال آج بھٹنڈہ میں سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔x

Odisha Balasore Constituency Profile

اوڈیشہ کا بالاسور پارلیمانی حلقہ ایک بار پھر سہ رُخی مقابلے کیلئے تیار ہے۔ ریاست میں برسرِ اقتدار BJD، حزب مخالف BJP اور کانگریس جیسی تینوں بڑی پارٹیوں نے اپنے اپنے امیدواروں کو میدان میں اتارا ہے۔

BJP نے سابق مرکزی وزیر اور موجودہ رکن پارلیمنٹ پرتاپ چندر سارنگی کو ٹکٹ دیا ہے، جبکہ کانگریس نے سابق مرکزی وزیر شری کانت کمار جینا کو میدان میں اتارا ہے۔ وہیں BJD نے BJP سے پارٹی میں شامل ہوئے لیکھا شری

سَمنتا سِنگھر کو امیدواری دی ہے۔ بالاسور میں ساتویں اور آخری مرحلے میں ایک جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔×

Remal Update

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ مشرقی خلیجِ بنگال میں بنا سمندری طوفان 'ریمل' مغربی بنگال کے ساگر جزیرے کے جنوب، جنوب مشرق میں 290 کلومیٹر اور بنگلہ دیش کے کھیپُوپاڑہ کے جنوب، جنوب مغرب میں 300 کلومیٹر کے فاصلے پر مرکوز ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ یہ طوفان اگلے 6 گھنٹے میں شدید سمندری طوفان کی شکل اختیار کر لے گا اور آج آدھی رات تک شدید سمندری طوفان کی شکل میں بنگلہ دیش اور متصل مغربی بنگال کے ساحلوں سے ٹکرائے گا۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے محکمۂ موسمیات کے ڈائرکٹر جنرل ایم مہاپاترا نے بتایا کہ سمندری طوفان کے دوران ایک میٹر سے زیادہ اونچی لہریں اُٹھ سکتی ہیں۔

*S/B - New Mahapatra*

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. Rajkot Fire

گجرات میں راج کوٹ شہر کے Nana Mava سڑک پر واقع TRP گیم زون میں کل شام بھیانک آگ لگ گئی جس میں اب تک 26 افراد ہلاک ہوگئے ان میں 9 بچے بھی شامل ہیں۔ آگ بجھانے والے عملے کی ٹیموں نے جائے حادثہ پر پہنچ

کر آگ پر قابو پالیا ہے۔ تفتیش کرنے والی خصوصی ٹیم اس حادثے کی جانچ کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔ راج کوٹ کے پولس کمشنر راجو بھارگو نے بتایا کہ راج کوٹ میں سبھی گیم زون کو بند کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ کیونکہ لاشیں بری طرح جلی ہوئی برآمد ہوئی ہیں۔ لہذا DNA جانچ کرائی جائے گی۔

انھوں نے کہا کہ شکایت بھی درج کی جائے گی اور  ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

اس دوران وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے مرنے والے کنبوں کے لیے چار۔چار لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے جبکہ زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے۔

بتایا جاتا ہے کہ TR گیز زون گجرات کے سوراشٹر خطے میں سب سے بڑا گیم زون ہے۔ انھوں نے ایک خصوصی تحقیقات کی تشکیل کا بھی اعلان کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راج کوٹ میں ایک گیم زون میں آگ لگنے کے حادثے میں لوگوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ انھیں‌اس حادثہ میں ہوئے جانی نقصان پر دلی صدمہ ہواہے۔

صدر جمہوریہ نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کے ذریعے راج کوٹ میں لگی آگ کی تفصیلات کی جانکاری حاصل کی اور اس حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے اس حادثے کی مکمل تفتیش کرانے اور قصوروار افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

وزیراعظم نے کہا کہ انھیں اس حادثے پر کافی تکلیف اور دکھ ہوا ہے۔

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ گجرات میں گیم زون میں آگ لگنے کی وجہ سے کئی لوگوں کی موت کی خبر سن کرانھیں دکھ پہنچا ہے۔ انھوں نے سوگوار کنبوں کے تئیں اپنی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

راج کوٹ میں گیم زون میں آگ لگنے کے حادثے میں فوری راحت اور بچائو کے لیے میونسپل کارپوریشن اور انتظامیہ کو ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ زخمیوں کے فوری علاج کے لیے انتظامات کو ترجیح دی جائے۔ ریاست کے پولس کے ڈائریکٹر جنرل نے کمشنر آف پولیس اور ضلع سپرن ٹینڈینٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست میں تمام گیم زون کا معائنہ کریںاور آگ سے بچنے کے تحفظاتی اقدامات کے بغیر چلنے والے گیمز زون کو بند کردیں۔ یہ ہدایات اس حادثے کے پیش نظر جاری کی گئی ہیں۔x

US Ambassador to India Bengaluru

بھارت میں امریکہ کے سفیر Eric Garcetti نے خلائی شعبہ کے کاروباری لیڈروں اور صنعت کاروں سے ملاقات کے لیے کل بینگلورو کا دورہ کیا۔ Garcetti نے امریکی قونصل جنرل Chris Hodge کے ہمراہ خلائی تحقیق کا بھارتی تنظیم ISRO کے چیئرمین ، ایس سومناتھ کے ساتھ ایک میٹنگ کی، جس میں NASA- ISRO Sytehntic Aperture Radar Mission جسے NISARکے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ سمیت خلائی شراکت داری پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنے بینگلورو دورے کے دوران، Garcetti نے صنعت کے لیڈروں اور امریکی چیمر آف کامرس انڈیا کے ممبران سے بھی بات چیت کی۔

اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنولوجی (ICET) پر امریکی بھارتی پہل پر توجہ مرکوز کی گئی، کیونکہ یہ دونوں ملکوں کے درمیان اسٹراٹیجک سیکیورٹی اور ٹیکنالوجی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم عمل ہے۔

Garcetti نے امریکی بھارتی تجارتی خلائی تعاون کانفرنس سے ایک کلیدی خطاب کیا۔

## Israel-Hamas Hostage Deal

اسرائیل نے حماس کے ساتھ یرغمال افراد کی رہائی کے معاملے پر جاری بات چیت کو اگلے ہفتے جاری رکھنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ اسرائیل کے سرکاری TV چینل نے یہ خبر دی ہے۔ اس بات چیت میں مصر، قطر اور امریکہ ثالثی کررہے ہیں۔

رپورٹس کے مطابق اسرائیل سراغ رساں ایجنسی موساد کے سربراہ ڈیوڈ بارنی نے کل پیرس میں اُس تجویز کو پیش کیا، جیسے جنگ سے متعلق اسرائیل کی کابینہ نے منظوری دی۔ ڈیوڈ بارنی نے اِس تجویز کو امریکی CTA کے ڈائرکٹر ولیم Burns اور قطر کے وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم ال ثانی کے روبرو پیش کیا۔×

## Payal Kapadia – Cannes Festival

فلم ساز پایل کپاڑیا آج اپنی فلم All we imagine as Light کیلئے Cannes فلم فیسٹول میں گراں پِری ایوارڈ جیتنے والی پہلی بھارتی فلم ساز بن گئی ہیں۔ انھوں نے یہ ایوارڈ جیت کر تاریخ رقم کردی ہے۔ پایل کی فلم نے Cannes

فیسٹیول کا دوسرا سب سے بڑا پروقار انعام جیتا ہے، جبکہ پہلا سب سے بڑا پروقار انعام Palme d'Or امریکی ہدایت کار Sean Baker کو ان کی فلم Anora کیلئے ملا ہے۔ کپاڑیا کی فلم جمعرات کی رات فیسٹول میں اسکریننگ کی گئی۔

پچھلے 30 برسوں میں پہلی بار ہے جب کسی بھارتی خاتون فلم ساز کی فلم کو Main Competition میں دکھایا گیا ہے۔

کپاڑیا کی فلم نے دنیا کے مشہور فلم سازوں جیسے Francis Ford Coppola, Sean Baker, Yorgos Lanthimos, Paul Schrader, Magnus Von Horn اور Paolo Sorrentino کے درمیان مقابلہ کیا۔

Jury کی صدارت Ladybird اور Barbie فلموں کی ڈائرکٹر Greta Gerwig نے کی تھی۔ 3 سال پہلے پایل کپاڑیا نے Cannes میں اپنی دستاویزی فلم A Night of Knowing Nothing کیلئے بہترین دستاویزی فلم کا le prix du documentaire ایوارڈ جیتا تھا۔ All we imagine as Light ان کی فیچر فلم ہے۔

Neecha Nagar وہ واحد بھارتی فلم ہے، جسے اب تک Palme d'Or ایوارڈ جیتنے کا اعزاز حاصل ہے۔×

Simran Sharma

بھارت کی سمرن شرما نے جاپان کے Kobe میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

سمرن نے کل مقابلے کے آخری دن خواتین کی 200 میٹر ٹی۔Event 12 میں 24 اعشاریہ نو۔پانچ سیکنڈ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔

بھارت نے عالمی پیرا ایتھلیکس چیمپن شپ کے سفر میں زبردست کامیابی حاصل کرتے ہوئے کُل 17تمغے جیتے۔جن میں سونے کے 6 تمغے شامل ہیں۔پوائنٹ کے اعتبار سے وہ چھٹے نمبر پر ہیں۔x

[IPL Cricket]

IPL کرکٹ کے فائنل مقابلے میں آج شام ساڑھے 7بجے چنئی کے، ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔

کولکاتہ نائٹ رایڈرس لیگ مرحلے میں پوائنٹ کے اعتبار سے سرِفہرست ہے اُس نے 9 میچ جیتے ہیں، جبکہ تین میچ ہارے ہیں اور دو میچوں کے نتائج نہیں آئے ہیں۔ اِس طرح اُس کے 20 پوائنٹ ہیں۔ اُس نے کوالیفائر میں سن رائزرس حیدرآباد کو ہراکر فائنل میں براہِ راست جگہ بنائی۔

سن رائزرس حیدرآباد دوسرے نمبر پر ہے، اُس نے کَل 36 رن سے راجستھان رائلس ٹیم کو ہرایا تھا۔x

T20 World Cup

2 جون سے شروع ہورہے T20 کرکٹ عالمی کپ کیلئے کپتان روہت شرما سمیت بھارتی کھلاڑیوں کا پہلا دستہ امریکہ روانہ ہوگیا۔ اِس دستے میں روہت شرما کے علاوہ تیز گیند باز جسپریت بمراہ T20 کے سرکردہ بلے باز سوریہ کمار یادو، ہیڈ کوچ راہل دراوڑ اور بلے بازی کوچ وکرم راٹھور شامل ہیں۔ یہ سبھی ممبئی ہوائی اڈے سے روانہ ہوئے۔

عالمی کپ کا انعقاد امریکہ اور ویسٹ انڈیز مشترکہ طور پر کررہے ہیں، جو 2 جون سے 29 جون تک کھیلا جائے گا۔ بھارت کا پہلا میچ پانچ جون کو آئرلینڈ کے ساتھ ہوگا۔ وہیں بھارتی ٹیم 9 جون کو پاکستان کے خلاف کھیلے گی۔×

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر رضوی۔

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اُردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت کَل ہوئی رائے دہی سے متعلق خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

چھٹے مرحلے کے تحت 8 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کی 58 سیٹوں پرپولنگ ہوئی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گجرات کے راجکوٹ میں آگ لگ جانے کے حادثے میں 25 لوگوں کی موت کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق گیم زون میں لگی اس بھیانک آگ کا دھواں کئی کلومیٹر دور سے دکھائی دے رہا تھا۔ آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگایا جارہا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے انتخابی کمیشن کی جانب سے لوک سبھا انتخابات کے پانچ مرحلوں کی ووٹنگ کے اعداد و شمار جاری  کئے جانے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ انتخابی کمیشن نے اپنی پریس ریلیز میں کہا ہے کہ فارم 17 کے ذریعے ووٹنگ کے اعداد و شمار سبھی امیدوارں کے نمائندوں کے پاس دستیاب ہیں اور اسے کوئی تبدیل نہیں کرسکتا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے پاپوا نیوگنی میں مٹی کے تودے گرنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 300 سے تجاوز کر جانے کی خبر کو صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق پاپوا نیوگنی کے دور افتادہ علاقے میں یہ حادثہ پیش آیا تھا۔

★★★

**<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>**

1 لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 61 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

2 پارلیمانی چنائو کے ساتویں اور آخری مرحلے کے لیے  انتخابی مہم عروج پر ہے۔

3 سمندری طوفان Remal تقریباً آج آدھی رات تک مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحلوں تک پہنچ جائے گا۔

4 گجرات میں کَل شام راج کوٹ کے تفریح گاہ پارک میں بھیانک آگ لگنے سے 26 افراد ہلاک ہوگئے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس حادثہ میں ہوئے جانی نقصان پر گہرے رنج و غم اور دکھ کا اظہار کیاہے۔

5 فلم ساز پائل Kapadia اپنی فلم All We Imagine as Light کے لیے Cannas فلم فیسٹیول میں گراں پری ایوارڈ جیتنے والی پہلی بھارتی فلم ساز بن گئی ہیں۔

6 بھارت کی سمرن شرما نے جاپان کے Kobe میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

7 اور آئی پی ایل کرکٹ میں، آج شام چنئی میں فائنل مقابلے میں سنزرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

---------------------------------------